F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:28/05/2019

'بچوں کی دنیا' ایک رسالہ ہی نہیں، نسلِ نو کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی ایک تحریک بھی ہے

جلیاں والا باغ سانحہ کے سو سال مکمل ہونے سے متعلق بچوں کی دنیا کی خصوصی اشاعت پر قومی کونسل کے ڈائرکٹر کا اظہار خیال

نئی دہلی: ہندوستان کی آزادی کی تحریک وجہد میں بلاتفریق مذہب وملت تمام طبقات نے حصہ لیا، قربانیاں پیش کیں، قید و بند کی تکالیف برداشت کیں اور اپنے سینوں پر گولیاں کھائیں مگر ملک کی آزادی اور تعمیر وترقی کو انھوں نے ہر چیز سے مقدم رکھا یہاں تک کہ اپنی جان کی بھی پرواہ نہیں کی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ نئی نسل اپنے اسلاف کی قربانیوں اور ملک کی تاریخ سے واقف ہو۔ ان خیالات کا اظہار قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے جلیاں والا باغ سانحہ کے سو سال مکمل ہونے پر ماہنامہ بچوں کی دنیا کے خصوصی شمارے کی اشاعت پر کیا۔ انھوں نے کہا کہ ماہنامہ بچوں کی دنیا میں جلیاں والا باغ کے سانحہ پر مضامین کی اشاعت کے ذریعے کونسل ایک طرف جہاں بچوں کو اپنے ملک کی تاریخ سے جوڑنا چاہتی ہے، وہیں ان میں ملک کے تئیں قربانی کا جذبہ بھی پیدا کرنے کی خواہاں ہے تاکہ ہر بچہ ملک کی تاریخ اور اپنے رہنماؤں کی قربانیوں سے واقف ہو۔

ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے مزید کہا کہ 13/اپریل 1919 کو ہندوستان کے بہت سے باشندوں نے امرتسر کے جلیاں والا باغ میں جام شہادت نوش کیا تھا، تاہم ان کی یہ شہادت آنے والی نسلوں کے لیے ایک پیغام بن گئی کہ ملک کی حفاظت اور تعمیر وترقی ہر چیز سے زیادہ ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی ہم اس طرح کے خصوصی شمارے شائع کرتے رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ دراصل ماہنامہ بچوں کی دنیا صرف ایک رسالہ ہی نہیں بلکہ نئی نسل کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ان میں ملک وقوم کے تئیں مثبت جذبہ پیدا کرنے کی تحریک بھی ہے۔ یہ رسالہ اپنے مختلف النوع مفید مواد کے سبب بچوں کے درمیان دن بہ دن مقبول ہوتا جارہا ہے۔

(رابطہ عامہ سیل)